کے لکھنے والوں میں کئی نامور اور مشاق اہلِ قلم ہیں۔ یہ کہانیاں پرانے طرز کی خواب ناک کہانیوں سے مختلف ہیں۔ زندگی کی حقیقتیں، مختصر پلاٹ، چلتے پھرتے کردار، بچوں کے لیے سلیس زبان اور سادہ اندازِ بیان اور ذہنوں پر نقوش چھوڑنے والے نتائج۔

یہ ہے مختصر تعریف ان کہانیوں کی۔ کچھ معلوماتی مواد بھی شامل ہے۔ لطیفے بھی ہیں، رنگین تصاویر بھی اور عربی زبان کے بہت آسان سے ان اسباق ہیں۔

۱۶ صفحے کا ایک دلچسپ پمفلٹ [illegible] نمبر کے ساتھ ملتا ہے جس میں بڑی اہم معلومات (خصوصاً سائنسی) سطر بہ سطر دی گئی ہیں۔

المعارف | بہ ادارت: سراج منیر و محمد اسحٰق بھٹی صاحبان۔ دفتر: ادارہ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور۔ قیمت فی شمارہ ۲۵/- روپے۔ سالانہ ۴۰/- روپے۔ (قیمتوں کا تناسب سمجھ میں نہیں آیا۔)

المعارف کی اشاعت نو کے خاص کا سلسلہ حال ہی میں شروع ہوا ہے اور اس کا تیسرا شمارہ ہم تک پہنچا ہے۔ مضمون بہ مضمون تفصیلی گفتگو تو ممکن نہیں، اتنا ہی کہہ سکتا ہوں کہ یہ علمی رسالہ اس قابل ہے کہ اس کا خیر مقدم کیا جائے۔ اس میں جو بھی مضامین و مقالات شائع ہوئے ہیں وہ بہت تحقیقی اور بصیرت مندانہ ہیں۔ مجموعی طور پر المعارف کے مضامین و مقالات یا تو اسلامی موضوعات سے متعلق ہیں یا اُن پر بھی اسلامی فکر و ثقافت کا عکس یا سایہ ضرور موجود ہے۔ اس وقت شمارہ نمبر ۳ میرے سامنے ہے اور اس کی فہرست میں درج تقریباً تمام مضامین کا تعلق اسلامی فکر، اسلامی ادب اسلامی تاریخ اور اسلامی شخصیتوں سے ہے۔ لکھنے والے سبھی ایسے ہیں کہ اپنا ایک مقام رکھتے ہیں۔ خوشی کا مقام ہے کہ ادارے کا اسلامی تصوّر اس رسالے میں متجددانہ نہیں ہے۔